© rasailojaraid.com



## افتتاحی خطبۂ جمعہ جامع مسجد صوبہ خان اہل حدیث ٹھل

تحصیل پنڈ دادنخان میں پہلی جامع مسجد صوبہ خان اہل حدیث موضع ٹھل کا افتتاح خطبہ جمعہ 16 اگست کو حافظ عبدالحمید عامر نے پڑھایا۔ یہ مسجد بھی علامہ محمد مدنی رحمہ اللہ کی کوششوں سے ان کی زندگی میں شروع ہوگئی تھی۔ اہل علاقہ کی خواہش تھی کہ اس کا افتتاحی خطبہ جمعہ حضرت علامہ محمد مدنی رحمہ اللہ ارشاد فرماتے مگر اللہ نے انہیں اتنی مہلت نہ دی۔ اب ان کے جانشین حافظ عبدالحمید نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔

علاقہ بھر میں افتتاحی خطبہ کے خوبصورت اشتہارات چسپاں کر دیئے گئے تھے جو کہ مشہور صحافی اور سیاسی و سماجی راہنما محمود مرزا جہلمی کی جانب سے شائع کئے گئے تھے۔ مسلسل دو دن جیپ پر منادی ہوتی رہی۔ جس کی بناء پر علاقہ بھر سے بڑی تعداد میں لوگوں نے نمازِ جمعہ میں شرکت کی۔ حاجی ناصر صاحب، اسجد محمود بیگ اور دیگر انتظامیہ مسجد کی جانب سے شرکاء کیلئے ظہرانہ کا اہتمام کیا گیا تھا۔

## جامع مسجد العزیز اہل حدیث ساہیوال کا افتتاح

جی ٹی روڈ اور نہر کے کنارے پر واقع رحمان ٹاؤن کے گیٹ سے متصل بہترین محل وقوع پر اس مسجد کی شروعات حاجی عبدالعزیز طور مرحوم کے ہونہار فرزند خالد عزیز مرحوم نے آج سے تین سال قبل اپنی وفات سے چند روز قبل جہلم میں نمازِ جمعہ کے بعد علامہ محمد مدنی رحمہ اللہ سے اپنی زندگی کی آخری ملاقات میں اپنی آخری اکلوتی خواہش کا اظہار کیا۔ جس پر حضرت علامہ محمد مدنی رحمہ اللہ نے فوراً اس نیک خواہش کو عملی جامہ پہنانے کا وعدہ کرلیا۔ اس کے بعد اس منصوبہ کی تکمیل تک بے شمار نازک مرحلے آئے۔ مگر حضرت علامہ محمد مدنی رحمہ اللہ نے اپنی وفات سے قبل زمین کی قیمت خرید کے ضمن میں رقم فراہم کردی۔ بقایا رقم مقامی جماعت نے اکٹھی کر کے دی۔ اس میں الحاج صوفی محمد یعقوب صاحب نے بھی حصہ ڈالا۔ یاد رہے کہ یہ مسجد اس چھوٹی مسجد کی جگہ پر تعمیر کی گئی ہے، جو حاجی عبدالعزیز مرحوم نے اپنی رحمان جننگ فیکٹری میں تعمیر کی تھی بعد میں ان کے بیٹوں نے فیکٹری کو ختم کر کے رحمان ٹاؤن کے نام سے پلاٹنگ کر کے زمین بیچنا شروع کردی تو اس چھوٹی سی مسجد کی جگہ دس مرلہ کی بڑی مسجد بنادی۔ اس میں مزید آٹھ مرلے خرید کر اب یہ جگہ اٹھارہ مرلے بن چکی ہے۔ جس پر نہر اور سڑک کی جانب والے حصہ پر مسجد بن چکی ہے اور بقایا جگہ پر مدرسہ اور لائبریری



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

بنانے کا ارادہ ہے۔ دعا ہے کہ اللہ رب العزت اس بقایا منصوبہ کو بھی جلد پایۂ تکمیل تک پہنچانے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین

مورخہ 6 ستمبر کو اس مسجد میں افتتاحی خطبہ جمعہ کیلئے مقرر کیا گیا۔ شہر بھر میں اشتہارات چسپاں کردیئے گئے تھے۔ مسجد کے صحن میں شامیانے لگوادیئے گئے تھے۔ مگر افتتاحی خطبہ کے دوران کثرتِ سامعین سے مسجد اپنی تنگ دامانی کا شکوہ کرنے لگی۔ انتظامیہ مسجد نے اضافی صفوں کا اہتمام بھی کیا ہوا تھا۔ مسجد کے باہر سڑک پر صفیں بچھا کر لوگوں نے نماز جمعہ ادا کی۔ خطبہ جمعہ حافظ عبدالحمید نے ارشاد فرمایا۔

اس مسجد کی تعمیر کے نگران میاں محمد ہارون کو مقرر کیا گیا۔ انہوں نے اپنی علالت طبع کے باوجود نگرانی کے فرائض سرانجام دیئے۔ علاوہ ازیں حاجی عبدالعزیز مرحوم کے بیٹوں نے بھی اس کی تعمیر میں دلچسپی لی۔ بالخصوص مولانا محمد رفیق صاحب نے دن رات ایک کر کے مسجد کی تعمیر میں بھرپور حصہ لیا۔ افتتاح کے موقع پر بھی مولانا رفیق نے بیرونی مہمانوں کے قیام وطعام سے لے کر تقریبِ افتتاح کے اختتام تک تمام کاموں کو بڑے احسن طریقے سے نبھایا۔ اللہ تعالیٰ انہیں اور دیگر تمام معاونین کو جزائے خیر عطا فرمائے۔ آمین

اس تقریب میں جہلم سے حافظ احمد حقیق، قاری عبدالرشید ان کے بیٹوں (حافظ اسد عبدالغفور، حافظ عبدالصبور، فیصل رشید) قاری غلام رسول، شیخ محمد اسحاق، شیخ ارشد فاروق سیٹھی، ماسٹر انعام اللہ، یونین کونسل اوکاڑہ کے ناظم ناصر بلوچ کے علاوہ لاہور سے مشہور صحافی رانا تنویر قاسم صاحب نے شرکت کی۔

## مولانا کاشف نواز رندھاوا کا جہلم میں خطبہ جمعہ

مرکزی جامع مسجد چوک اہلحدیث میں مورخہ 16 اگست کا خطبہ جمعہ مرکزی جمعیت اہل حدیث کے ابھرتے ہوئے نوجوان رہنما حضرت مولانا کاشف نواز رندھاوا نے ارشاد فرمایا۔ ان کے انداز خطابت کو جہلم میں بہت سراہا گیا اور عوام میں کئی روز تک ان کے تذکرے ہوتے رہے۔

## حافظ عبدالستار قاسم (الریاض) کا جامعہ میں خطبہ جمعہ

ہمارے فاضل دوست (جو کئی عربی و اسلامی کتب کے مترجم بھی ہیں) مولانا حافظ عبدالستار قاسم ٹیچر پاکستانی سکول الریاض گزشتہ دنوں ملاقات کیلئے جہلم تشریف لائے تو اس موقع پر انہوں نے جامعہ العلوم الأثریہ میں فاضلانہ خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ ان کے ہمراہ ان کی اہلیہ جو کہ الریاض میں مولانا عبدالمالک مجاہد


© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

کے تعلیمی وتربیتی مرکز برائے طالبات میں معلمہ ہیں اور ان کی ہمشیرہ بھی تھیں جو کہ خاص طور پر جامعہ اثریہ للبنات دیکھنے جہلم آئیں تھیں۔ جامعہ کے تعلیمی وتربیتی منہج ونظام سے وہ بہت متاثر ہوئیں۔

## فیض احمد صاحب کا مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ

حسب سابق امسال بھی الحمدللہ جامعہ کے جن طلبہ کا مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ ہوا ہے ان میں علامہ محمد مدنی" کے داماد مولانا فیض احمد بن بشیر احمد بھی شامل ہیں۔ جو مورخہ 28 اگست کو اسلام آباد ائیر پورٹ سے مدینہ منورہ روانہ ہوگئے۔ جامعہ کے اساتذہ اور طلبہ نے بڑی گرم جوشی سے انہیں الوداع کہا۔ ادارہ ''حرمین''، جامعہ اور جماعت ان کیلئے دعا گو ہیں کہ اللہ تعالیٰ انہیں عالم باعمل بنائے۔ آمین

## لال دین سوفٹ ( کناری بازار جہلم ) کا افتتاح

ارشد محمود زرگر کے ہونہار فرزندار جمند عمر ارشد جو کہ حال ہی میں کمپیوٹر کی اعلیٰ تعلیم حاصل کر کے برطانیہ سے وطن واپس لوٹے ہیں مورخہ 27 جولائی کو یعقوب پلازہ کناری بازار جہلم میں ''لال دین سوفٹ'' کے نام سے اپنے کاروبار کا آغاز کیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈاکٹر ظفر محمود ( پی ایچ ڈی کمپیوٹر سائنسز )، ارشد فاروق سیٹھی صاحب کے علاوہ دیگر احباب نے شرکت کی۔ رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید کی دعائے خیر سے دکان کا افتتاح ہوا۔ اللہ تعالیٰ ان کے کاروبار میں برکت عطا فرمائے۔ آمین

## جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں انعامی تقریب

جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں گزشتہ دنوں مسجد میں پڑھنے والے طلبہ کے امتحانات میں پوزیشن حاصل کرنے والے طلبہ میں رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید نے درس قرآن کے بعد انعامات تقسیم کئے۔

## جامع مسجد اہل حدیث دینہ اور سوہاوہ میں باقاعدہ درس کا اجراء

ہر اتوار کو بعد از نماز مغرب جامع مسجد اہل حدیث دینہ اور ہر سوموار کو بعد از نماز مغرب جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ میں درس قرآن وحدیث کا اجراء کر دیا گیا ہے۔

## جامعہ کے سالانہ امتحانات اور تعطیلات

قسم الدراسات الاسلامیہ والعربیہ کے سالانہ امتحانات مورخہ 2 شعبان بمطابق 9 اکتوبر سے



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

شروع ہوکر 10 شعبان بمطابق 17 اکتوبر کو اختتام پذیر ہوں گے۔ جبکہ سالانہ تعطیلات 11 شعبان (18 اکتوبر) سے شروع ہوکر 8 شوال (14 دسمبر) تک ہوں گی۔ نیا تعلیمی سال 9 شوال (14 دسمبر) کو شروع ہوگا۔ ان شاء اللہ

## جامعہ علوم اُثریہ کی تبلیغی سرگرمیاں

جامع مسجد اہل حدیث نزد المعراج فلورمل کالا گوجراں جہلم میں مورخہ 21 جولائی بعد از نماز مغرب حافظ عبدالحمید نے درس قرآن وحدیث ارشاد فرمایا۔

جامع مسجد اہل حدیث دینہ میں مورخہ 4 ستمبر بعد از نماز عصر جامعہ علوم اُثریہ جہلم کے مدیر الامتحانات مولانا محمد اکرم جمیل صاحب نے اتباع سنت کے موضوع پر مفصل خطاب فرمایا۔

## مولانا فیض احمد کی مدینہ منورہ روانگی سے قبل دروس قرآن وحدیث

مولانا فیض احمد صاحب جن کا مدینہ یونیورسٹی میں داخلہ ہوگیا ہے۔ روانگی سے قبل اہل حدیث یوتھ فورس ضلع جہلم نے مختلف مقامات پر ان کے دروس کا اہتمام کیا۔

3 اگست بعد از نماز مغرب جامع مسجد اہل حدیث دینہ میں اور 8 اگست کو بعد از نماز مغرب جامع مسجد اہل حدیث سوہاوہ اور 27 اگست بعد از نماز مغرب جامع مسجد اہل حدیث احسان روڈ کالا گوجراں میں مختلف موضوعات پر دروس دیئے۔

## جامعہ علوم اُثریہ جہلم میں طلبہ کے مابین انعامی تقریری مقابلہ

مورخہ 11 ستمبر کو جامعہ میں ''حقانیت مسلک اہل حدیث'' کے موضوع پر زیر صدارت رئیس الجامعہ حافظ عبدالحمید عامر انعامی تقریری مقابلہ ہوا۔ جس میں بڑی تعداد میں طلبہ نے بڑے جوش وخروش اور تیاری سے حصہ لیا۔ ان میں امتیازی پوزیشن حاصل کرنے والے خوش نصیب طلبہ کو تقریب بخاری کے موقع پر بعد از نماز عصر تقاریر کا موقع دیا جائے گا اور شیخ القرآن والحدیث مولانا عبدالسلام رستمی کے ہاتھوں انعامات دیئے جائیں گے۔ ان شاء اللہ



© rasailojaraid.com